cyan®

March 05, 2015

**FORM-4**

The General Manager
Karachi Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
Karachi.

The Company Secretary
Lahore Stock Exchange Limited
19, Khayabane-e-Aiwan-e-Iqbal
Lahore.

Subject: **Notice of Annual General Meeting**

Dear Sir,

Enclosed please find a copy of the Notice of the 55th Annual General Meeting of Cyan Limited to be held at Marriott Hotel, Abdullah Haroon Road, Karachi at 11.00 a.m. on Tuesday, March 31, 2015 for circulation amongst TRE Certificate Holders of the Exchange.

Yours Sincerely,

**FAISAL MANGRORIA**
Company Secretary

Ph: (92-21) 35634290-3, Fax: (92-21) 35680218
Add: 4th Floor, Dawood Centre, M. T. Khan Road, Karachi, Pakistan-75530

cyan® Limited

# Notice of the Fifty Fifth (55th) Annual General Meeting

Notice is hereby given that the Fifty Fifth (55th) Annual General Meeting (AGM) of Cyan Limited will be held at Marriott Hotel, Abdullah Haroon Road, Karachi at 11.00 a.m. on Tuesday the **March 31, 2015** to transact the following business:

**Ordinary Business**

1. To confirm the minutes of the 54th Annual General Meeting of the Company held on April 30, 2014.
2. To receive, consider and adopt the Audited Financial Statements of the Company for the year ended December 31, 2014 together with the Auditors' and Directors' Reports thereon.
3. To consider and if thought fit, approve payment of final cash dividend at the rate of 425% (Rs.42.50 per share) for the year ended December 31, 2014 as recommended by the Board of Directors. This is in addition to the interim cash dividend of 250% (Rs.25.00 per share) already paid during the year.
4. To appoint Auditors for the year ending December 31, 2015 and to fix their remuneration.
5. To transact any other business with the permission of the Chair.

By order of the Board

**FAISAL MANGRORIA**
Company Secretary

Karachi, March 09, 2015

**Notes:**

**Closure Of Share Transfer Books**

The Share transfer books of the Company will remain closed from Monday, March 23, 2015 to Tuesday, March 31, 2015 (both days inclusive). Transfers received in order at the office of our Registrar, M/s. Technology Trade (Pvt.) Ltd., Dagia House, 241-C, Block-2, P.E.C.H.S., Off: Shahrah-e-Quaideen, Karachi by the close of business (5:00 p.m.) on Friday, March 20, 2015 will be treated in time for the purpose of attending and voting at the AGM and also for the above entitlement to the transferees.

**Participation In The Annual General Meeting**

A member entitled to attend and vote at the meeting may appoint any other member as his/her proxy to attend and vote. A Corporation being a member may appoint any person, whether or not a member of the Company, as it's Proxy. A Proxy, duly appointed, shall have such rights as respects speaking and voting at the Meeting as are available to a member.

In order to be effective, Proxy Forms, duly filled and signed, must be received at the Registered Office of the Company, not less than forty eight (48) hours before the Meeting.

CDC account holders will further have to follow the under-mentioned guidelines as laid down by the Securities and Exchange Commission of Pakistan:

**A. For Attending the Meeting**

i. In case of individuals, the account holders or sub-account holders whose registration details are uploaded as per the Regulations shall authenticate his/her original valid Computerized National Identity Card (CNIC) or the original passport at the time of attending the meeting.

ii. In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature of the nominee shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of the meeting.

**B. For Appointing Proxies**

i. In case of individuals, the account holders or sub-account holders whose registration details are uploaded as per the Regulations shall submit the proxy form as per the above requirement.

ii. Attested copies of valid CNIC or the passport of the beneficial owners and the Proxy shall be furnished with the Proxy Form.

iii. The proxy shall produce original valid CNIC or original passport at the time of the meeting.

iv. In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature shall be submitted (unless it has been provided earlier) along with the proxy form to the Company.

v. Proxy form will be witnessed by two persons whose names, addresses and valid CNIC numbers shall be mentioned on the forms.

**CNIC Number**

As instructed by the Securities & Exchange Commission of Pakistan (SECP) vide their letter No. EMD/D-II/Misc./2009-1342 dated April 4, 2013, dividend warrants cannot be issued without insertion of CNIC Numbers; therefore, all shareholders holding physical shares were requested to submit copies of their valid CNICs/NTN Certificates along with the folio numbers to the Company's Share Registrar: M/s. Technology Trade (Pvt.) Ltd., Dagia House, 241-C, Block-2, P.E.C.H.S., Off: Shahrah-e-Quaideen, Karachi. No dividend will be payable unless the CNIC number is printed on the dividend warrants, so please let us have your CNIC numbers, failing which we will not be responsible if we are not able to pay the dividend.

**Dividend Mandate**

In order to make process of payment of cash dividend more efficient, SECP vide circular No. 8(4) SM/CDC 2008 dated April 5, 2013 have issued instructions so that the shareholders can get their dividend credited in their respective bank accounts electronically without any delay. You may therefore authorize the Company to credit the dividend directly to your bank account for all future dividends declared by the Company. Accordingly all non CDC shareholders are requested to send their bank account details to the Company's Registrar. Shareholders who hold shares with Participant/Central Depository Company of Pakistan (CDC) accounts are advised to provide the mandate to the concerned Stock Broker/Central Depository Company of Pakistan Ltd. (CDC).

**Deduction of Income Tax from Dividend under Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001 ("Income tax Ordinance")**

The Government of Pakistan through Finance Act, 2014 has made certain amendments in section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001 whereby different rates are prescribed for deduction of withholding tax on amount of dividend paid to shareholders. These tax rates are as under:

| | |
|---|---|
| (a) For filers of income tax returns: | 10% |
| (b) For non-filer of income tax returns: | 15% |

To enable the company to make tax deduction on the amount of cash dividend @10% instead of 15%, all the shareholders who are not entered into the Active Tax-payers List (ATL) provided on the website of FBR, despite the fact that they are filers, are advised to make sure that their names are entered into ATL before the start of book closure i.e. March 23, 2015.

For any query/problem/information, the investors may contact the Share Registrar at the following phone numbers and address:

Technology Trade (Pvt.) Ltd.
Dagia House, 241-C, Block-2, P.E.C.H.S.,
Off: Shahrah-e-Quaideen, Karachi.
Tel # (92-21) 34391316-7 & 19,
34387960-61

**Consent for Video Conference Facility**

Members can also avail video conference facility. In this regard please fill the following and submit to registered address of the Company 10 days before holding the general meeting. If the Company receives consent from members holding in aggregate 10% or more shareholding residing at a geographical location, to participate in the meeting through video conference at least 10 days prior to the date of meeting, the Company will arrange video conference facility in that city subject to availability of such facility in that city.

The Company will intimate members regarding venue of conference facility at least 5 days before the date of general meeting along with complete information necessary to enable them to access such facility.

I/We, ______________________
of ______________ being a member of Cyan Limited, holder of ______________ ordinary share (s) as per Registered Folio/CDC Account No ____________ hereby opt for video conference facility at ____________.

______________
Signature of member(s)

**Change Of Address**

Shareholders (Non-CDC) are requested to promptly notify the Company's Registrar of any change in their addresses and submit, if applicable to them, the Non-deduction of Zakat Form CZ-50 with the Company's Registrar. All the shareholders holding their shares through the CDC are requested to please update their addresses and Zakat status with their participants. This will assist in the prompt receipt of Dividend.

36cmx4col.

cyan Limited

# نوٹس برائے 55 ویں سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ نوٹس ہٰذا اطلاع دی جاتی ہے کہ Cyan Limited کا 55 واں سالانہ اجلاسِ عام (AGM) بروز منگل، 31 مارچ 2015ء بوقت صبح 11:00 بجے، بمقام میریٹ ہوٹل، عبداللہ ہارون روڈ، کراچی منعقد ہوگا جس میں درج ذیل کارروائی عمل میں لائی جائے گی:

## عمومی کارروائی

1- 30 اپریل 2014 کو منعقدہ 54 ویں اجلاسِ عام کی کارروائی کی توثیق۔

2- 31 دسمبر 2014ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کی آڈٹ شدہ فائنانشل اسٹیٹمنٹس مع ان کے حوالے سے ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، ان پر غوروخوض اور منظوری۔

3- 31 دسمبر 2014ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کے مطابق 425 فیصد (یعنی 42.50 روپے فی شیئر) کے حساب سے فائنل کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی پر غوروخوض اور موزوں سمجھے جانے پر منظوری۔ یہ 250 فیصد (یعنی 25 روپے فی شیئر) عبوری کیش ڈیویڈنڈ کے علاوہ ہے جو رواں سال کے دوران پہلے ہی ادا کیا جا چکا ہے۔

4- 31 دسمبر 2015ء کو ختم ہونے والے سال کے لیے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے مشاہرے کا تعین۔

5- اجلاس کے سربراہ کی اجازت سے کسی دیگر کاروباری کارروائی پر غوروخوض۔

بحکم بورڈ

**فیصل ماگروریا**
کمپنی سیکریٹری

کراچی، 9 مارچ 2015ء

## نوٹس:

### شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس بروز پیر بتاریخ 23 مارچ 2015 سے بروز منگل بتاریخ 31 مارچ 2015 تک بند رہیں گی (دونوں ایام شامل ہیں)۔ جمعہ 20 مارچ 2015ء کو کاروباری اوقاتِ کار کے اختتام (شام 5:00 بجے) تک ہمارے رجسٹرار میسرز ٹیکنالوجی ٹریڈ (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ڈاگیا ہاؤس، 241-C، بلاک 2، پی ای سی ایچ ایس، آف شاہراہِ قائدین، کراچی کو موصول ہونے والے ٹرانسفرز کو سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت اور ووٹنگ کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

### سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت

کمپنی کے تمام ممبران اجلاس میں شریک ہونے اور بذاتِ خود یا اپنے منتخب نمائندے (Proxy) کو جو کہ ممبر ہو، کے ذریعے ووٹ دینے کا استحقاق رکھتے ہیں جبکہ کارپوریشن جو کہ کمپنی کی ممبر ہو اپنا منتخب نمائندہ (چاہے وہ ممبر ہو یا نہ ہو) مقرر کر سکتی ہے۔ باضابطہ مقرر شدہ نمائندے کو اجلاس میں بولنے اور ووٹ دینے کے ویسے ہی حقوق حاصل ہوں گے جو کسی ممبر کو دستیاب ہوتے ہیں۔

آرڈر کو موثر کرنے کے لیے، پراکسی (Proxy) فارم، پُر کیا ہوا اور دستخط شدہ ہو، جو کہ اجلاس سے پہلے کم سے کم اڑتالیس (48) گھنٹوں کے اندر کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں موصول ہونا ضروری ہے۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے درج ذیل اضافی ہدایات پر بھی عمل کرنا ہوگا۔

**A. اجلاس میں شرکت کے لیے**

i. فردِ واحد کی صورت میں موجود ہو، اکاؤنٹ ہولڈرز یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات ریگولیشنز کے مطابق ہوں، وہ نمائندے اجلاس میں شرکت کے وقت اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کریں گے۔

ii. کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختارنامہ، نمائندہ کے دستخط (اگر یہ پہلے فراہم نہ کی گئی ہوں) کے ساتھ پیش کرنا ہوگا۔

**B. نمائندے (Proxies) مقرر کرنے کے لیے**

i. فردِ واحد کی صورت میں موجود ہو، اکاؤنٹ ہولڈرز یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈرز جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات موجود ہوں ریگولیشنز کے مطابق ہے، مندرجہ بالا ضروریات کے مطابق پراکسی فارم جمع کروائے گا۔

ii. حقیقی مالکان کی مستند شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول اور پراکسی (Proxy) فارم کے ساتھ پیش کی جانی چاہییں۔

iii. پراکسی (Proxy) اجلاس کے وقت نمائندہ اصل مستند شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ فراہم کرے گا۔

iv. کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختارنامہ نمائندہ کے دستخط (اگر یہ پہلے فراہم نہیں کی گئی ہوں) کے ساتھ پراکسی فارم جمع کروائے گا۔

v. پراکسی (Proxy) فارم پر دو گواہوں کے نام، پتہ اور مستند شناختی کارڈ نمبر درج ہونے چاہئیں۔

### CNIC نمبر

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے اپنے گزشتہ نوٹیفکیشن نمبر EMD-II/Misc./2009-1342/ بتاریخ 4 اپریل 2013ء کے ذریعے ہدایت جاری کی ہے کہ ڈیویڈنڈ وارنٹس شناختی کارڈ نمبر کے اندراج کے بغیر جاری نہیں کیے جائیں گے، اس وجہ سے، تمام شیئر ہولڈرز جو دستاویزی شیئرز رکھتے ہیں سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ مستند شناختی کارڈ/این ٹی این سرٹیفکیٹ کی نقول فولیو نمبرز کے ساتھ کمپنی شیئر رجسٹرار میسرز ٹیکنالوجی ٹریڈ (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ڈاگیا ہاؤس، 241-C، بلاک 2، پی ای سی ایچ ایس، آف شاہراہِ قائدین، کراچی میں جمع کروائیں۔ ڈیویڈنڈ اُس وقت تک قابلِ ادائیگی نہیں ہوں گے جب تک کہ اُن ڈیویڈنڈ وارنٹس پر شناختی کارڈ نمبر چھپا ہوا نہ ہو، تو براہِ مہربانی ہمیں اپنا شناختی کارڈ نمبر مہیا کریں، ناکامی کی صورت میں ڈیویڈنڈ کی ادائیگی نہ ہونے کی ذمہ داری کمپنی پر نہیں ہوگی۔

### ڈیویڈنڈ مینڈیٹ

کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کا عمل مزید تیز کرنے کے لئے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے بذریعہ سرکلر نمبر SM/CDC 2008(4)8 بتاریخ 5 اپریل 2013ء ہدایات جاری کی ہیں تاکہ شیئر ہولڈرز اپنے ڈیویڈنڈ بلا تاخیر اپنے بینک اکاؤنٹ میں وصول کر سکیں۔ وہ کمپنی کو اجازت دے سکتے ہیں کہ مستقبل میں کمپنی کا اعلان کردہ کوئی بھی کیش ڈیویڈنڈ براہِ راست ان کے بینک اکاؤنٹ میں منتقل کر دیا جائے۔ لہٰذا تمام غیر سی ڈی سی شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی رجسٹرار کو اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات مہیا کریں۔ وہ شیئر ہولڈرز جن کے شیئرز شرکاء اکاؤنٹ/سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان میں (CDC) اکاؤنٹ ہیں اُن سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ متعلقہ اسٹاک بروکر/سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان (CDC) میں مینڈیٹ فراہم کریں۔

### انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی شق 150 کے مطابق ڈیویڈنڈ سے انکم ٹیکس کی کٹوتی (انکم ٹیکس آرڈیننس)

فنانس ایکٹ 2014 کے ذریعے حکومتِ پاکستان نے انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی شق 150 میں چند ترامیم کی ہیں جن کے مطابق شیئر ہولڈر کو ادا کیے جانے والے ڈیویڈنڈ سے مندرجہ ذیل ریٹس کے تحت ود ہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی:

| | |
|---|---|
| انکم ٹیکس ریٹرن جمع کرانے والوں کے لئے انکم ٹیکس کی شرح | 10% |
| انکم ٹیکس ریٹرن جمع نہ کروانے والوں کے لئے انکم ٹیکس کی شرح | 15% |

کمپنی کی جانب سے 10% کے بجائے 15% ٹیکس کٹوانے سے بچنے کے لئے وہ تمام شیئر ہولڈرز جنھوں نے ایف بی آر کی ویب سائٹ پر موجود ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں نام درج نہیں کروایا ہے، وہ اپنا نام کمپنی کی ٹرانسفر بکس بند ہونے کے دن یعنی 23 مارچ 2015 سے پہلے اس لسٹ میں اندراج کروا دیں۔

انویسٹرز کسی بھی سوال/مسئلے/معلومات کے لئے ہمارے شیئر رجسٹرار سے مندرجہ ذیل فون نمبرز یا پتہ پر رابطہ کریں:

ٹیکنالوجی ٹریڈ (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ڈاگیا ہاؤس، 241-C بلاک 2
پی ای سی ایچ ایس، آف شاہراہِ قائدین، کراچی
فون نمبر: (92-21) 34391316-7 & 19, 34387960-61

### ویڈیو کانفرنس کی سہولت

ممبران ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کر سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں براہِ مہربانی عمومی اجلاس سے 10 دن پہلے مندرجہ ذیل فارم پُر کر کے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں جمع کرائیں۔ بتائے گئے مقامات کی حدود میں رہنے والے 10 فیصد یا اس سے زیادہ شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈرز کی جانب سے کمپنی کو اجلاس میں بذریعہ ویڈیو کانفرنس شرکت کے خواہشمند ممبران کے فارم اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 10 دن پہلے موصول ہونے کی صورت میں کمپنی اس شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتظام کرے گی، جس کا انحصار اس شہر میں اس سہولت کی دستیابی پر ہے۔

کمپنی، ممبران کو عمومی اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 5 دن پہلے ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے مقام اور اس سہولت کو استعمال کرنے سے متعلق مکمل معلومات فراہم کرے گی۔

میں/ہم ______ کے ______، بطور ممبر سیان لمیٹڈ، رجسٹر فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ______ کے تحت ______ عمومی شیئرز کا شیئر ہولڈر ہوں/ہیں اور ______ میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنا چاہتا ہوں/چاہتے ہیں۔

______________________

دستخط ممبر/ممبران

### ایڈریس کی تبدیلی

شیئر ہولڈرز (غیر سی ڈی سی) سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ایڈریس میں تبدیلی کے حوالے سے مطلع کریں اور کمپنی رجسٹرار کو جمع کروائیں، اگر یہ اُن پر قابلِ اطلاق ہو تو، کمپنی رجسٹرار کے پاس غیر کٹوتی زکوۃ فارم CZ-50 جمع کروائیں۔ وہ تمام شیئر ہولڈرز جو سی ڈی سی کے ذریعے شیئرز رکھتے ہیں سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے شرکاء کے پاس اپنا پتہ اور زکوۃ کی معلومات مہیا کریں۔ یہ ڈیویڈنڈ کی فوری وصولی میں مدد فراہم کرے گی۔

36cmx4col.